صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 22 اپریل 2003ء بمطابق 19 صفر المظفر 1424 ہجری صبح گیارہ بجکر ستاون منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

وَلَا تَهِنُواْ وَلَا تَحْزَنُواْ وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ O إِن يَمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهُۥ ۚ وَتِلْكَ الْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِينَ ءَامَنُواْ وَيَتَّخِذَ مِنكُمْ شُهَدَآءَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظَّـٰلِمِينَ O وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِينَ ءَامَنُواْ وَيَمْحَقَ الْكَـٰفِرِينَ۔

(ترجمہ): یہ (قرآن) لوگوں کے لئے بیان صریح اور اہلِ تقویٰ کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے۔ اور (دیکھو) بے دل نہ ہونا اور نہ کسی طرح کا غم کرنا اگر تم مومن (صادق) ہو تو تم ہی غالب رہو گے۔ اگر تمہیں زخم (شکست) لگا ہے تو ان لوگوں کو بھی ایسا زخم لگ چکا ہے اور یہ دن ہیں کہ ہم ان کو لوگوں میں بدلتے رہتے ہیں اور اس سے یہ بھی مقصود تھا کہ خدا ایمان والوں کو متمیز کردے اور تم میں سے گواہ بنائے اور خدا بے انصافوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور یہ بھی مقصود تھا کہ خدا ایمان والوں کو خالص (مومن) بنادے اور کافروں کو نابود کردے۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

اراکین کااظہار تشکر

ملک ظفر اعظم (وزیر قانون و پارلیمانی امور): جناب سپیکر صاحب! میں آپ کی وساطت سے حزب اختلاف کے ممبروں کا شکریہ ادا کرتاہوں، انہوں نے جو مثبت رویہ اختیار کیا، اس سارے معاملے میں انور کمال صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتاہوں کہ انہوں نے ہمارے ساتھ تعاون کیا۔

(شور)

Mr. Speaker: Order please.

وزیر قانون و پارلیمانی امور: اور میں یقین دلاتاہوں کہ ان شاءاللہ ٹریژری بنچز کی جانب سے مکمل تعاون ہوگا۔

جناب سپیکر: جناب عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! ہم آپ کے انتہائی مشکور ہیں کہ آپ کی کوششوں کی وجہ سے آج اس اجلاس میں پھر وہی ماحول دوبارہ واپس آیااور یہ آپ کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے جو آپ نے اپوزیشن اور گورنمنٹ کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کیاہے، جناب سپیکر! جب آپ اس کرسی پر تعینات ہوئے تو ہم نے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ آپ کی اور آپ کی کرسی کی حیثیت ایک پل کی سی ہے اور ایک Liaison کی ہے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان، کیونکہ جب بھی اپوزیشن کو کوئی شکایت ہوتی ہے تو آپ کے ذریعے سے ہی وہ حل ہوسکتی ہے، کیونکہ نہ تو اپوزیشن، گورنمنٹ کے ساتھ اتنی Liaison رکھ سکتی ہے، لہذا آپ اس کرسی پر سے ہی یہ کردار ادا کر سکتے ہیں اور آپ نے اس کردار کو صحیح طور پہ ادا کیا اور ایک پل کا کردار ادا کرتے ہوئے اپوزیشن اور حکومت کے درمیان اس ماحول کو دوبارہ واپس لائے جو اس اسمبلی کا حصہ اور روایات ہے، ایک بار پھر اس اسمبلی کو صحیح طریقے سے چلایا گیا اور آج ایک بار پھر آپ نے ان روایات کو برقرار رکھا، میں اپنے ساتھیوں کا اور حکومت کے ساتھیوں اور باقی سب کا بھی شکریہ ادا کرتاہوں، جن کے باہمی تعاون سے دوبارہ یہ ماحول واپس آیا۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، مشتاق احمد غنی صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی: جناب، کل جو واقعہ ہوا، اس کا کسی اور حوالے سے کوئی تعلق نہیں ہے، ہمارے اپنے صوبے کے معاملات سے اس کا تعلق تھا اور ہم سب یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ہم سب کا صوبہ ہے، گورنمنٹ ہے یا

اپوزیشن ہے، ہم سب نے اس صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے باہم مل جل کر کام کرنا ہے، کچھ ہمارے پرابلمز تھے جو حل نہیں ہو رہے تھے، جس کی وجہ سے ہمیں فلور پر کل احتجاج کرنا پڑا، But we are thankful to سپیکر صاحب، آپ کے بھی اور چیف منسٹر صاحب کے بھی ہم شکر گزار ہیں، سینیئر منسٹر صاحب کے بھی، سب نے ہمیں تسلی دی ہے، رات کو ہماری سی، ایم صاحب سے بھی میٹنگ ہوئی ہے، ہم سب پارلیمنٹری پارٹی لیڈرز اس میں موجود تھے اور آج آپ نے بھی جن دو کمیٹیز کا اعلان کیا ہے، پہلی تو جو Transfers and Postings کے سلسلے میں ہے، وہ کمیٹی ہو گی جو پورے صوبے کے جائز Grievances ہیں، ان کو دور کرے گی اور دوسرے ہمارے گورنمنٹ کے ساتھ جو دیگر Grievances ہیں، ان کے لئے حکومت کی اور اپوزیشن کی ایک کمیٹی آج Form ہو جائے گی اور باہم مل جل کر صوبے کے بہترین مفاد کے لئے ہم ان شاء اللہ کام کرینگے اور ہماری کوشش ہو گی کہ جیسے پہلے ہم حکومت کے ساتھ صوبے کے مفاد میں بھرپور تعاون کرتے رہے ہیں، آئندہ بھی ان شاء اللہ اگر گورنمنٹ کی طرف سے ہمیں Positive response ملا تو ہماری طرف سے کبھی Negative response نہیں ہو گا۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> شہزادہ گستاسپ خان۔

<u>جناب پیر محمد خان:</u> سپیکر صاحب! ستاسو توجه راګرځوؤمه، هغه پریس والا زما خیال دے واک آؤټ اوکړو، ګیلری خالی شوې ده، چې پته ئې اوکړی یا Concerned Minister ورپسې لاړ شي۔

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان:</u> جناب سپیکر! ہم سب کو تقریباً سب اسمبلی کے ممبران جو اس طرف بیٹھے ہیں یا اس طرف بیٹھے ہیں، ہم سارے ہاؤس کے ممبران ہیں اور یہاں پر ہم عوام کی نمائندگی کرنے کے لئے بیٹھے ہوئے ہیں، ہماری کوئی خاص اپنی ذاتی غرض نہیں ہے اور ہم یہ نہیں چاہتے کہ ہم اس فورم کو کسی اپنے فائدے کے لئے استعمال کریں، چاہے ممبران اپوزیشن کے ہوں یا چاہے ممبران گورنمنٹ کے ہوں، ہم سب ممبرز ہیں اور ہم سب کا ایک جیسا استحقاق ہے، ہم سب کے ایک جیسے حقوق ہیں اور ہم سب عوام کے حقوق کی پاسداری کرنے کے لئے اس ہاؤس میں موجود ہیں، شکوے شکایت کی بات صرف نہیں ہے، بات

اصولوں کی پاسداری کی ہے، بات قانونی کی ہے، بات آئین کی ہے، جب ہم یہاں پر کوئی ایسی بات کرتے ہیں جو قانون کے منافی ہو تو یقیناً اگر وہ رد کر دی جائے، ہمیں اس پر کوئی افسوس نہیں ہو گا، بلکہ ہمیں خوشی ہو گی کہ ہم نے ایک غلط بات کی اور آپ نے اسے چیک کیا، حکومت نے اسے چیک کیا، لیکن جب ہم بات عوام کی، سرکاری ملازمین کی اور ان لوگوں کی جنہوں نے ہمیں اس ہاؤس میں بھیجا ہے، کرتے ہیں تو اس بات کی شنوائی ضرور اس ہاؤس میں ہونی چاہیئے، کیونکہ یہ ہاؤس بھی اسی عوام کا ہے، جس نے ہمیں Elect کر کے یہاں پر بھیجا ہے، جناب سپیکر! اتنی زیادہ چار پانچ مہینے میں ہم نے کوشش کی کہ ہم آپ کے ساتھ، اس ہاؤس کے ساتھ چلیں، آپ کے ساتھ تو ہم چل رہے ہیں، اس ہاؤس میں حکومت کے ساتھ چلیں، حکومت کی رہنمائی کریں اگر ہمیں کچھ پتہ ہے، ہمیں اگر کوئی تجربہ ہے، ہم اس سے حکومت کو آگاہ کریں اور ہم چاہتے تھے کہ یہ معاملات خوش اسلوبی سے چلیں، کل کے ہمارے احتجاج سے ان کوارٹرز کو جنہوں نے ہمیں یہاں پر بھیجا ہے، ان لوگوں کو جن کی ہم یہاں پر نمائندگی کر رہے ہیں، یہ Message اللہ کے فضل و کرم سے ضرور گیا ہے کہ ان کے ممبران جو اس ہاؤس میں اس طرف بیٹھے ہیں، یہ گونگے نہیں ہیں، یہ ان کے حقوق کی پاسداری کے لئے آواز ضرور اٹھائیں گے، (تالیاں) جناب سپیکر! ہمیں یہ توقع ہے، آپ کی اس میں مداخلت ایک خوش آئند بات تھی آپ کا تجربہ، آپ کی ممبران کے ساتھ معاونت اور آپ کا اس ہاؤس کو خوش اسلوبی سے چلانے کا عزم، وہ کام آیا اور آج اللہ کے فضل و کرم سے وہ احتجاج جو کئی دن تک جاری رہ سکتا تھا، کیونکہ زیادتیاں کی گئیں تھیں آج اللہ کے فضل و کرم سے وہ ختم ہو گیا اور اس کا سہرا آپ کو اور سراج الحق صاحب کو اور ان تمام لوگوں کو جنہوں نے اس میں کوشش کی، ان کو جاتا ہے اور ان شاءاللہ ہم امید کرتے ہیں کہ جو ہماری آپس کی بات چیت ہوئی ہے، کیونکہ آپ کو یاد ہو گا اس ہاؤس میں لیڈر آف دی ہاؤس نے کھڑے ہو کر کہا تھا کہ ہر ممبر میرے لئے بڑا معزز ہے، ہر ممبر اسی طرح ہمیں ہو گا جس طرح کہ وزیر اعلیٰ کی صوبے میں حیثیت ہے، اس کی حیثیت اپنے حلقے میں ایسی ہو گی، ہم وزیر اعلیٰ نہیں بننا چاہتے، ہم چاہتے ہیں ایک ہی وزیر اعلیٰ ہو، چھ چھ وزرائے اعلیٰ کا رواج جو ہے، اس صوبے میں ختم کیا جائے، (تالیاں) تو آج جناب، ہم چاہیں گے کہ ہاؤس بہتر انداز میں خوش اسلوبی سے چلے اور جن لوگوں نے ہمیں بھیجا ہے ان کے ہم یہاں پر کام آسکیں۔ Thank you۔

جناب سپیکر: شکریہ شہزادہ صاحب، مرید کاظم صاحب!

سید مرید کاظم شاہ: جناب سپیکر صاحب! یہ کل کے احتجاج کو ایک غلط رنگ دیا جا رہا تھا کہ یہ کسی کے اشارے پر ہوا ہے، لیکن آج ہم نے ثابت کر دیا ہے کہ یہ احتجاج ایک حق کے لئے کیا گیا تھا، ایک زیادتی کیخلاف کیا گیا تھا، اس میں کسی آدمی کی طرف سے اشارہ نہیں تھا، کسی کے مقابلے میں نہیں کیا گیا تھا، یہ بات آج ثابت ہو گئی ہے اور وہ احتجاج جو ہم نے کیا، الحمد اللہ کہ آپ حکومت کے لوگوں نے بھی، آپ نے بھی اس کو تسلیم کیا کہ یہ ہمارا حق تھا، یہ زیادتیاں ہو رہی ہیں، ان زیادتیوں کو نہیں ہونا چاہیئے، جس طریقے سے یہ کام ہو رہے تھے، ایک قسم کی گورنمنٹ کو وارننگ ملی کہ یہ کام اگر آپ کرینگے تو دوسری طرف سے بھی گونگے لوگ نہیں بیٹھے ہوئے ہیں، وہ ضرور احتجاج کرینگے اور میں آپ کا سب سے زیادہ مشکور ہوں کہ آپ نے جو آپ کا ایک رول تھا، اس کو صحیح طریقے سے ادا کیا اور آپ نے آج اس ایوان میں دوبارہ اس اپوزیشن کو لا کر جو کردار ادا کیا، ہم اس کے مشکور ہیں اور ہم امید رکھتے ہیں کہ آئندہ بھی ہماری طرف سے جو بات ہو یا گورنمنٹ کی طرف سے جو بات ہو، آپ کو جس طرح کے ایک Bridge کا کردار دیا گیا ہے، آپ وہ ادا کرتے رہیں گے، آپ تو ایک ایسے آدمی ہیں جو سب کے لئے برابر ہیں اور ہم آپ سے یہ امید رکھتے ہیں کہ جو باتیں ہوئی ہیں، آپ حکومت سے ضرور منوائیں گے، لیکن ایسا نہ ہو کہ بات فلور پر تو ہو جائے اور بعد میں اس کا ریزلٹ Nil نکلے تو میں امید رکھتا ہوں کہ ان شاءاللہ گورنمنٹ بھی، جس طرح اپوزیشن نے آپ پر اعتماد کیا ہے، آپ کو عزت دی ہے، اس طرح گورنمنٹ بھی آپ کی عزت رکھے گی اور آپ کی ہر بات کو جو جائز ہو گی، جس طرح شہزادہ صاحب نے کہا ہے، اگر غلط بات ہم کہیں، بالکل آپ ہماری نہ مانیں، لیکن ہمارے ساتھ زیادتی مت کریں، انصاف کریں، اس حکومت سے تو بہت توقعات تھیں، کیونکہ اسلامی حکومت تھی، لیکن جو انہوں نے کیا، وہ اس کے برعکس کر دیا تو میں امید رکھتا ہوں کہ یہ لوگ آپ کی عزت رکھیں گے اور ہم پریس کے بھی مشکور ہیں، یہ بھی واپس آ گئے ہیں تو میں اس کے ساتھ ہی آپ سے اجازت لیتا ہوں اور اپنے حکومتی بھائیوں سے یہ التجاء کرتا ہوں کہ وہ آپ کی عزت افزائی کریں۔

جناب سپیکر: شکریہ، جناب بشیر احمد بلور صاحب!

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! زہ ستا سو ډیر زیات مشکور یم او خاصکر اپوزیشن او حکومت د ډیموکریسی یو حصہ دہ، دا دوہ پاتې دی چې دا دواړہ یو

ځائې او نه چليږی نو دا ګاډې نه شی چليدې، زمونږ دا ايمان دے چې کومه پورې ملک کښې جمهوريت نه وی نو دا ملک هم نه شی چليدې، مونږ د مارشل لاء ګانو هميشه مخالفت کړے دے او د جمهوريت د پاره هميشه مونږه جدوجهد کړے دے، او دا پرون چې کومه واقعه شوې ده، دا صرف په دې وجه اوشوه چې شپږ مياشتې تقريباً د دې حکومت اوشوې او ستاسو په علم کښې دی چې دلته په فلور آف هاؤس زمونږ وزيران صاحبان پاځی او هغوې داسې خبرې اوکړې چې هغه بالکل داسې به وی چې ميرټ باندې به وی تاسو اوليدل چې په يو ورځ کښې يو ډسټرکټ کښې آتهه سو ټرانسفرز کيږی خو بيا د ميرټ بالکل خيال نه ساتلې کيږی، هغه به مونږه په ميرټ پاليسئ باندې چې کله خبره کوؤ، د دې اوس نوې ټرانسفرز په هغې کښې به کوؤ خو دا پرون چې کوم احتجاج شوې وو، صرف په دې وجه شوې وو چې مونږه دا پينځه مياشتې بالکل په آرام ناست وو چې مونږ وائيل چې هر يو شې به په ميرټ روان وی نو مونږه ته به په دې باندې پرابلم نه جوړيږی، خو بدقسمتی داسې اوشوله چې مونږه هم د پوليټيکل پارټو په حيثيت حکومتونه کړی دی خو مونږ پارټی او د عوامو سره د خپلو ايم پی ايز هغه تقدس، د ايم پی ايز هغه کوم استحقاق دې، د هغوی کوم Privilege دې په هغې باندې مونږ کله هم داسې څه غلط کار هم نه دې کړې چې هغوی ته تکليف ملاؤ شی د هغوی Privilege چې کوم دې، هغه مات شی، نو په دې وجه پرون مونږه احتجاج اوکړؤ څنګه چې اخبارونو هم داسې خبره کوله، نو څنګه چې تاسو ته پته ده چې ټولو نه مخکښې د ايل ايف او مخالفت مونږ کړې وو او مونږه په پاکستان کښې درې سيمينارونه هم کړی وو، يوه پارټی هم داسې نه وه چې هغوې کړی وو، هغه وخت اليکشن هم نه وو شوې، زمونږ دا احتجاج چې وو دا صرف او صرف درې صوبې د خلقو، د دې د عوامو د تکليف د پاره وو مونږ ستاسو ډير زيات مشکور يو ستاسو زوړ پارليمنټيرين هم يئی او تاسو د خدائې د سپيکر داسې عهده هم درکړې ده، چې د سپيکر هم دغه شان کردار وی چې کوم تاسو ادا کړؤ چې هغه حکومت او د ايم پی ايز په مينځ کښې او د اپوزيشن په مينځ کښې يو د بريج په حيثيت کار کوی مونږه د سينيئر منسټر صاحب مشکور يو، ظفر اعظم صاحب، سردار ادريس صاحب او د ټولې کابينې او د خپل د

حکومت د پینچونو مشرانو او د علماء صاحبانو، ممبرانو صاحبانو مونږه ډیر زیات مشکور یو ولے چې دوئ هم پرون داسې څه React نه دې کړې خنګه چې اپوزیشن کولو، پکار وه چې حکومت هم داسې React کړې وې، کولې شو خو دوئ او نه کړو، مونږ د دوئ هم مشکور یو، ستاسو هم مشکور یو او خپل د اپوزیشن رونړو ته مبارکباد ورکوم چې کومو پرون احتجاج کړې وو او هغه داسې په احسن طریقې سره اوشو چې حکومت راغلو او کښیناستو او پخپله خبره ئې اوکړه، (تالیاں) ډیره مهربانی، ډیره شکریه۔

جناب سپیکر: جناب ڈاکٹر سلیم صاحب۔

ڈاکٹر محمد سلیم: محترم جناب سپیکر صاحب! زه ستاسو ډیره زیاته شکریه ادا کوم چې تاسو ماته د دوه څلورو خبرو موقع راکړه، هغه یو شاعر وائی چې:

؎ کس کس کو بتائیں گے جدائی کا سبب ہم

تو مجھ سے خفا ہے تو زمانے کے لئے آ

تاسو چې پرون او دا نن کوم کردار ادا کړو پرون چې څه واقعه دې هاؤس کښې اوشوه، دا که چرې مونږ خبرو ته پرښودلې شوې وې نو زما خیال دې چې د اپوزیشن د طرفه نه، چې د ټریژری د بنچیز نه به هم دا خبرې کیدې چې زمونږ کارونه نه کیږی، مونږ په هر کار کښې بائی پاس کیږو، د ایم پی اے هیڅ قسمه حیثیت نشته دې، چیف منسټر صاحب چې په رومبی ورځ باندې تقریر کولو نو هم دا خبره ئې کړې وه چې زما هر ایم پی اے د خپلې ضلع وزیر اعلیٰ دې خو، لیکن خبره داسې بالکل نه ده، مونږ په خپلو علاقوں کښې اوسو دغه خو د اپوزیشن د طرفه دی، زه خو کم از کم د ایم ایم اے اتحادی یمه خو بیا هم زما ضلع کښې چې څه کیږی، زه ترې خبر نه یمه، نه په ټرانسفر کښې ما نه تپوس کیږی، کم از کم دومره خو د یو سړې ما له رالیږئ چې یره Recommendations خو ترې اوکړه کنه، نو زه خو پکښې ښه او بد هم نه کوم، زه هر چا له Recommendations کوم جی، یو حلقه کښې، د ماجد خان د حلقې نه ټرانسفر کیږی زما حلقې ته نو کم از کم که هغه کس، هغه زنانه ماجد خان له تلې وې نو دوئ نه به ئې Recommendations اغستې وې، دوئ به ورله هم کړې وې، نو

د دوئ به هم Oblige شوې وو ما به هم Recommend کړی وو نو سیټ دې، په چا به ئې ډ کوی کنه، دغه خبرو کښې مونږ دومره کار نه لرو خو کم از کم مونږ دا وایو چې زمونږ عزت د بحال وی، چې هر دفتر ته ورشو او ډائریکټر صاحب سره کښنو نو ډائریکټر صاحب دا کرسئی لږه په ترس کړی رانه که سیکرټری صاحب ته ورشو نو سیکرټری صاحب، تعارف ورسره اوکړؤ چې بهئی ایم پی اے یمه نو هغه بوالکل کرسئی الټا کړی، مونږ ته شا کړی او مخ ئې دیوال ته وی، د دې نه مخکښې هم زه ممبر پاتې شوې یمه، (تالیاں) ما خو دا لیدلی دی چې مونږ به کوم هم آفس ته لاړو، که ډی جی به وو که سیکرټری صاحب به وو بالکل به اوچت مونږ ته پاڅیدو، هغه ورځ ما یو سیکرټری صاحب ته اووئیل، نوم ئې نه اخلم، ما ورته اووئیل سیکرټری صاحب ته د ډیر لوئ پلار ځوئې ئې خو زه هم صوابئ کښې د مانرئی اوسیدونکې یمه او زمونږ د مانرئی خلق ګورې ډیر تکړه خلق دی، مونږ هیڅ نه غواړو، نه ټرانسفر غواړو، نه کارونه غواړو خو ګورې خپل Due respect غواړو، نو سپیکر صاحب، دا نن چې تاسو کوم کردار ادا کړؤ، دا مو ډیر ښه کردار ادا کړؤ خو زه یو طمع اوس هم کوم د دې منسټر صاحبانو نه، د حکومت د ټریژری بنچیز نه چې یره دوئ دا هدایات جاری کړی، هر سیکرټری ته تاسو اووائیی، هر ډائریکټر ته تاسو اووائی چې که هر ایم پی اے درله درځی، که هغه ټریژری د بنچیز نه دې او که هغه د اپوزیشن نه، اول ورله Due respect ورکوئ، ښه په غور د هغوی خبره اورئ، نو ضروری نه ده چې هر کار د کیږی، کارونه به بعضې کیږی او بعضې به نه کیږی، په کارونو مونږ دومره ګله نه کوؤ، آخری کښې سپیکر صاحب، تاسو ته دا زه وائیمه، هغه یو شاعر وائی:

آپ کا بندہ اور پھر وہ ننگا	آپ کا غلام اور کھاؤں ادھار
تم سلامت رہو ہزار برس	ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار

(تالیاں)

جناب سپیکر: تھینک یو، جی، جناب انور کمال خان صاحب۔

جناب انور کمال خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب! میں بھی یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ جو واقعہ کل کا پیش آیا، مجھے یہ یقین ہے کہ جو ہمارے دوست یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں چاہے وہ حکومتی سائیڈ پر بیٹھے ہوئے ہیں، اس واقعہ کو جس انداز سے پیش کیا گیا ہی ممبران اسمبلی یہ اپنا حق سمجھتے ہیں کہ جب ان کے کام نہیں ہوتے تو وہ کسی نہ کسی طریقے سے احتجاج کسی نہ کسی شکل میں ضرور کرتے ہیں بہر صورت جس وقت یہ اجلاس ریکوزیشن کیا جارہا تھا تو اس وقت ہمیں یہ احساس ضرور تھا کہ اسی صوبے میں جو پوسٹنگز یا ٹرانسفرز ہوئی ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ Un-precedented postings اور Transfers ہوئی ہیں ہمیشہ حکومتیں جب بھی آتی ہیں تو پوسٹنگز اور ٹرانسفرز ضرور ہوا کرتی ہیں، لیکن اس لحاظ سے جیسے کہ ہمارے چند بھائیوں کی یہ شکایات ہیں کہ ایک تو ان کے اضلاع میں Unprecedented غیر متوقع جو کہ آٹھ سو (800) کی تعداد میں کہیں ڈی آئی خان میں جیسے مرید کاظم صاحب نے فرمایا تو یہ چیز قابل غور ہے کہ ایک چھوٹے سے ضلع میں اگر کسی ایم پی اے کو پوچھے بغیر یا Consult کئے بغیر اتنی بڑی تعداد میں پوسٹنگز اور ٹرانسفرز ہوتی ہیں تو پھر آپ خود اندازہ لگائیں کہ اس سے حکومت کے لئے کتنی مشکلات بن جاتی ہیں، یہ اتنی کوئی بڑی چیز نہیں ہے، اس کے لئے بہت ہی آسان نسخہ ہے، حکومت بھی یہ چاہتی ہے اور ہمارے چیف منسٹر صاحب نے بار بار فلور آف دی ہاؤس پر یہ دعوے بھی کئے ہیں کہ جتنے بھی اراکین اسمبلی ہیں، چاہے وہ متحدہ مجلس عمل سے تعلق رکھتے ہوں، چاہے وہ کسی سیاسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں یا وہ اپوزیشن کے ممبران ہوں، لیکن ان ممبران کی قدر، ان ممبران کی عزت اپنے علاقوں میں اس لئے ضرور ہونی چاہیئے کہ جتنے بھی ہمارے یہ بھائی چاہے وہ حکومتی بنچیز پر بیٹھے ہوئے ہیں، چاہے وہ اس سائڈ پر بیٹھے ہوئے ہیں، وہ اپنے اپنے حلقوں کی نمائندگی کرتے ہیں اور اگر ان کے حلقوں میں ان کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی ہوتی ہے تو ظاہر ہے کہ ایک ایم پی اے کے لئے اس سے بڑھ کر اور کوئی چیز تکلیف دہ نہیں ہو سکتی، حکومت کو چاہیئے، ہمیں تو اتنا عرصہ پارلیمنٹ میں رہتے ہوئے، مجھے تو ذاتی طور پر یہ تجربہ ہوا ہے کہ جب ہم حکومت میں ہوتے تھے تو ہمارے کام کی نوعیت جو تھی، وہ بالکل رک جاتی تھی، لیکن جب ہم اپوزیشن میں بیٹھا کرتے تھے تو میرے خیال میں اس وقت جتنے کام ہم نے کئے تو بحیثیت وزیر کے ہم وہ کام نہیں کر سکتے تھے، اس کی وجہ کیا ہے؟ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ آپ کی پہچان کو اگر آپ کی حیثیت کو As a MPA تسلیم کیا جائے تو میرے خیال میں جتنے بھی

اراکین اسمبلی ہیں اور اگر آپ ان کی حیثیت خالی تسلیم کر لیں تو کوئی بھی یہ نہیں چاہے گا کہ میں حکومت کے ساتھ شامل ہوں یا حکومت بینچز پر بیٹھوں یا حکومت میں بیٹھ کر کسی وزارت کا عہدہ لوں، ہر ایک آدمی یہی کہے گا کہ میں اپوزیشن کے بینچز پر بیٹھ کر ایک اچھا کردار ادا کر سکتا ہوں، اپنی Projection کر سکتا ہوں، اپنے حلقے کے لوگوں کی اچھے اور احسن طریقے سے نمائندگی کر سکتا ہوں تو یہ خالی آپ کی پہچان ہے، اگر آپ ایک ممبر کی حیثیت کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں تو پھر آپ کو یہ دن ضرور دیکھنے ہونگے پھر گلے شکوے نہ کریں، میرے خیال میں جہاں ہم یہ Claim کرتے ہیں تو وہاں پر ہمیں عملاً یہ ثابت کرنا ہوگا کہ جو بھی ہمارے دوست ہیں، چاہے وہ حکومت میں بیٹھے ہوئے ہیں، چاہے وہ اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے ہیں، آپ نے ان کی حیثیت کو تسلیم کرنا ہوگا، جناب والا! اب جیسے کہ آپ نے خود ایک کلیدی کردار، آپ کے ساتھیوں نے اور ہمارے ان بھائیوں نے جتنی بردباری کا ثبوت دیا ہے حقیقت یہ ہے کہ ہم تو یہ سوچ رہے تھے کہ مسئلہ اس حد تک الجھ گیا ہے کہ شاید یہ اسمبلی جو کہ ہم نے از خود ریکوزیشن کی تھی، یہ اجلاس اب شاید ہم خود آگے چلنے نہیں دینگے، لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کو بھی یہ احساس ہے، ہمیں بھی یہ احساس ہے اور الحمد للہ حکومت کو بھی یہ احساس ہو گیا ہے کہ یہ اسمبلی آپ کی اسمبلی ہے، یہ اسمبلی تمام ان اراکین کی اسمبلی ہے اور آپ لوگوں نے اور ہم لوگوں نے مل کر مشترکہ جدوجہد کر کے ایک دوسرے کی حیثیت کو پہچان کر اور ان کو تسلیم کرنے کے بعد یہ اسمبلی، آپ تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجا سکتے، آپ اگر تعداد میں بھی زیادہ ہیں یا جو کچھ بھی حیثیت ہے، لیکن آپ نے اپنے ان بھائیوں کو اپنے ساتھ لے کر چلنا ہوگا، جناب والا، میں لمبی چوڑی بات نہیں کرونگا، لیکن ابھی آج جو پوسٹنگز اینڈ ٹرانسفرز پر تقاریر ہونگی، بہتر یہی ہوگا کہ آپ ان کو ایک سپیشل کمیٹی کے حوالے کریں تاکہ وہ ان کو Thrash out کرے اور ہم کسی اور کے حلقوں میں مداخلت نہیں کرنا چاہتے، لیکن اس کو Thrash out کرنے کے بعد اگر وہ سمجھتے ہیں کہ جہاں پر کوئی ایسی پوسٹنگز ٹرانسفرز جو کہ علاقے کے ایم پی اے کی مرضی کے خلاف ہوئی ہیں تو میرے خیال میں اس چیز کا مداوا ہو سکتا ہے، جناب والا! میں پھر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جناب قلندر خان لودھی صاحب۔

جناب قلندر خان لودھی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! میں آپ کو اور آپ کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں، آپ نے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میری ٹیم تو آپ سب ہیں۔

جناب قلندر خان لودھی: میں بات کر رہا ہوں گورنمنٹ کی ٹیم کی، تو آپ نے بڑی خوش اسلوبی سے اس بات کو نمٹایا، بات جو ہو گئی تھی، وہ یہ ہوا کہ آپ لوگوں کے قول و فعل میں جو تضاد آیا ہے، وہ عروج پر پہنچ رہا تھا اور یہ تصحیح کرنے کے لئے اپوزیشن نے ایک بہت اچھا Step لیا آپ اور ہم علیحدہ نہیں ہیں، ہم سب عوام کی خدمت کے لئے یہاں آئے ہیں اور ہمارا یہی مقصد ہے، لیکن یہ کچھ باتیں ایسی ہیں جو اب ٹرانسفر کے اس میں آئیں گے تو ہم آپ سے بات کرینگے، لیکن ابھی جو میرے سینیئر منسٹر صاحب ہیں، میں ان کو اپنا آئیڈیل مذہبی لحاظ سے سمجھتا ہوں، لیکن بڑا افسوس ہوا ہے کہ اس ہاؤس میں ہی کتنی بڑی زور سے یہ باتیں ہوئیں کہ کم از کم ایک لاکھ روپیہ جو لوگ مر گئے ہیں، ان کو ملنا چاہیئے تو جب آپ نے ان کے چیک پچاس ہزار کے کاٹے تو میں تو ٹوٹ پھوٹ گیا کہ ایسا شخص، ایسی اسمبلی کا سربراہ جس کو میں اپنا آئیڈیل سمجھتا ہوں، اگر اس کی بھی بات میں فرق آگیا تو صحیح کون ہو گا؟ تو وہ پچاس ہزار جو آپ نے بھیجے، وہ بھی ملے ناظمین کو اور ان کے Through، جنہوں نے یہاں آواز اٹھائی جن لوگوں کے Through وہ حلقے کے تھے، انہیں پتہ تک نہیں تھا تو یہ باتیں تھیں، جو ضروری ہو گیا تھا باقی آپ سے ہمیں کوئی شکوہ نہیں ہے، انہیں پتہ ہی نہیں تھا، پہلے دن سے ہم نے آپ سے کہا تھا کہ آپ ہمیں دیوار کے ساتھ نہ لگائیں تو ہمیں آپ ان شاء اللہ اپنے ساتھ ہر موقع پر مثبت پائیں گے والسلام۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جناب سراج الحق صاحب، اچھا وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: تھینک یو، جناب سپیکر! میں آپ کا بڑا مشکور ہوں اور آنریبل منسٹر کا بھی کہ جنہوں نے مجھے بولنے کا موقع دیا، جناب سپیکر! باتیں بہت سی کرنی تھیں، یہ موجودہ حالات جو چل رہے ہیں تو ہمیں بڑے دکھ کے ساتھ یہ بات کہنی پڑتی ہے کہ ہم یہاں اسمبلی میں آتے ہیں، ایک مقصد کی خاطر آتے ہیں، ایک نظریہ لے کر آتے ہیں اور کچھ لوگوں کی امیدیں یا جو ان کی ترستی نگاہیں ہوتی ہیں، وہ ہمیں ووٹ دیتے ہیں کہ جی ہم آگے جا کر ان کے مسائل حل کرینگے، آن کی پریشانی دور کرینگے، لیکن بڑے دکھ

کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج پانچ چھ مہینے ہو چکے ہیں اور ہم نے کوئی Progress show نہیں کئے ہیں، غریب وہیں کا وہیں ہے، میرے خیال میں کوئی چھ، سات کروڑ روپے کا Expenditure ہماری اسمبلی کے خرچوں کے اوپر آگیا ہے، ہماری بھی نہیں بلکہ Allover پاکستان کی بات کر رہا ہوں، لیکن کوئی Progress نہیں ہے، سب کچھ Nil/Nil چل رہا ہے، شروع میں ہمارے صوبے میں ایم ایم اے کی حکومت آئی، کوئی شک نہیں کہ ہم اپوزیشن میں بیٹھے تھے، لیکن ہمارے دل میں ایک اطمینان تھا کہ علماء کی حکومت ہے اور بہت کچھ ہم Anticipate کر رہے تھے کہ جی یہ ہوگا اور ہم آگے جاکے مل جل کر چلیں گے پھر آنریبل منسٹر، بلکہ آنریبل چیف منسٹر نے یہ کہا کہ ہم اپوزیشن میں اور اپنی حکومتی پارٹی میں فرق محسوس نہیں ہونے دینگے، مجھے بڑے دکھ کے ساتھ یہ بات کہنی پڑتی ہے کہ گزشتہ دنوں ہمارے وزیراعظم صاحب سرحد میں آئے، ہمیں کسی نے دعوت نہیں دی، ہمیں پارٹی کے عہدیداروں نے بتایا کہ فلاں ٹائم پر آپ وہاں آئیں وزیراعظم کو Receive کرنے کے لئے اور فلاں ٹائم پر آپ چیف منسٹر ہاؤس پہنچیں، وہاں بھی ہمارے نام نہیں تھے، زبردستی ہم اندر گھسے ہیں اپنے پرائم منسٹر کو ملنے کے لئے تو یہ قول و فعل کا تضاد جب تک ختم نہیں ہوگا، ہم Smoothly اس طرح نہیں چل سکتے، باقی سراج الحق صاحب نے بھی یہ بات کی تھی کہ ہم فرق نہیں کرینگے، الحمد للہ ان کے تو قول و فعل میں تضاد نہیں دیکھا، کیونکہ یہ کوشش کرتے ہیں، اپنی جو بات کہتے ہیں اس پر چلنے کی، لیکن ایک General میں بات کرتا ہوں کہ In general بہت بڑا تضاد نظر آرہا ہے، وہ کام جو ہونے چاہیں وہ نہیں ہو رہے، آج ہمارے ضلعے کے ساتھ Tussle چل رہی ہے، وہ اس لئے چل رہی ہے کہ جو کچھ قوانین ہم نے بنائے ہیں، ایک سیٹ اپ ہم نے بنایا ہے کہ اس سیٹ اپ کے مطابق ہم نے اپنی زندگیوں کو استوار کرنا ہے، ڈھالنا ہے، اس پر عمل درآمد نہیں ہو رہا اور ہمارا ملک جو آج تک ترقی نہیں کر پا رہا، وہ اسی لئے نہیں کر پا رہا ہے، کیونکہ قوانین نہیں ہیں، آج ایشوز اٹھائے جا رہے ہیں حکومت کے لئے وہاں پر کہ ایل ایف او غلط ہے، یہ غلط ہے، وہ غلط ہے، اس میں میں پوچھتا ہوں کہ جتنے ایوان کے ہمارے آنریبل ممبرز بیٹھے ہوئے ہیں کہ 1973 Constitution جو ہمارا ہے، اس پر کتنے لوگوں نے عمل درآمد کیا ہے؟ کونسا عمل درآمد اس کے اوپر ہوا ہے؟ اس کے بعد ایل ایف او، چلیں ایل ایف او، آیا، 1973 Constitution تھا، سب کچھ تھا، لیکن عقلمندی یہ ہوتی ہے

کہ آپ نے ایک منزل تک پہنچنا ہے، اس کے بیچ میں پتھر آگیا ہے، بجائے سر ٹکرانے کے، آپ پتھر کو Avoid کریں، اس کو Evade کرکے وہاں سے نکلیں اور اپنے Destination تک پہنچنے کی کوشش کریں بجائے اس کے کہ اس پتھر پر سر مارتے رہیں، یہ ہم بھی جانتے ہیں کہ وہ نہیں ہٹ سکتا، یہ آپ بھی جانتے ہیں کہ نہیں ہٹ سکتا تو ہم ایسی حرکتیں کیوں کریں کہ، جس سے ہم دوبارہ موقع دیں کسی اور کو کہ آ کر جمہوریت کو ختم کریں اور آ کر پھر ہمیں اپنے گھروں میں بھیج دے اور آج جو ہم یہاں بول پاتے ہیں، یہ بولنے کے قابل بھی ہم نہ رہیں تو یہ گزارشات ہیں، مہربانی کرکے ہم آپ کا احترام کرتے ہیں، علماء کا احترام ہم پر ویسے بھی فرض ہے، ہمیں ساتھ لیکر چلیں، ہم چلیں گے ان شاءاللہ، آپ کو ہر جگہ Help کریں گے، ہر جگہ آپ کے ساتھ تعاون کرینگے اور مل جل کر چلنے کے خواہشمند ہیں، اس لئے کہ ہم کچھ کام کرنا چاہتے ہیں، ہم یہاں لوگوں کے مسائل حل کرنا چاہتے ہیں، جس کے لئے ہم یہاں اس پلیٹ فارم پر آئے ہیں تو یہ میری گزارش ہے کہ فضول Issues کو Base بنا کر وقت ضائع نہ کیا جائے، جو ماضی میں ہو گیا، ہو گیا ہے، آگے ہم ایک اچھی راہ اختیار کرتے ہوئے لوگوں کے مسائل حل کرنے کی طرف چلیں اور Rule of law کو جب تک Observe نہیں کرینگے، ہمارے مسائل حل نہیں ہونگے۔

جناب سپیکر: تھینک یو، میاں نثار گل صاحب!

محترمہ رفعت اکبر سواتی: ایک منٹ جناب سپیکر صاحب، میں آپ سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میاں نثار گل صاحب، میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! ډیره ډیره شکریه چې تاسو ماته فلور را کړو، نن سحر چې مونږ کورنه راتلو نو زمونږ خو دا سوچ وو چې الله د نه اوکړی چې پرون کوم واقعات په اسمبلی کښې شوې وو خو شکر الحمدالله زه اپوزیشن ته مبارکباد ورکوم چې هغوې کم از کم که دا احتجاج اوکړلو، دا ټولو ایم پی ایز د پاره یو بنه دغه وو چې د هغوی قدر او د هغوی خیال جوړ شو، زه پخپله د ایم ایم اے حکومت حمایتی یم، شکر الحمدالله، په ما د خدائې پاک فضل دې، د متحده مجلس عمل چې کوم حکومت دې، زما ډیر قدر هم کوی، زما هیڅ ګله هم نشته خو دا زه د دوئ شکریه هم ادا کومه، ولې چې زه یو کس یم په پارټی کښې، هغوی سره اتحاد کښې یمه، خو دا یو کس ته چې هغوی کوم قدر ورکړے دے،

حقیقت دا دي، هغه د ایم ایم اے، ایم پی اے ته به وی یا به نه وی؟ خو بیا چې مونږه کله دفترو کښې گرځو، بیوروکریسی چې گورو، هغه قدر چې مونږ لاندې اوگورو، هغه بالکل ختم شی، په وجه د دې چې څنگه چې ډاکټر سلیم صاحب اووئیلې، پخپله بیوروکریسی مې 1983 نه کتلې وې، دا 2003 دې خو هغه وخت مې کتلې وه، نن ایم پی اے شکل کښې ئې هم گورم، چې مونږ هلته لاړشو، خلق راسره وی حلقې والا، یو کار وی، یقین اوساته جناب سپیکر، که سیکرټری، که ډائریکټر دې ما خو اووئیل الله پاک زه ایم پی اے جوړ شومه، ډیر خوشحاله وو مه چې ډیر قدر به مو کوی، خو مونږ خو چې دا قدر کوم لاندې اوکتلو نو مونږ دې فلور نه تاسو ته دا یو سوال کوؤ چې کار کیږی او که نه کیږی، د حلقې خلق مونږ سره وی، مونږ Due respect غواړو، هغه دې فلور کښې هم غواړو، هغه بهر هم غواړو، هغه په هر ځائې غواړو، هغه به هله کیږی که څنگه چې دا خبرې مونږه دلته کوؤ یا دا منسټران صاحبان دی، چې هغه Implementation هلته اوس نه کوی پخپل بیوروکریسی باندې، سکرټریان وی که ډائریکټران دی، نو زه به منسټرانو ته دا یو سوال اوکړمه چې الله د اوکړی که دوئ ته یو Instruction issue کړی چې دا ایم پی ایز حضرات کوم چې منسټری کښې گرځی، ورځی، کم از کم هغه چې ولاړ وی، کرسئی ورته نه Offer کیږی، نو دا د ایم پی ایز ډیره بدنامی ده، د ایم ایم اے حکومت نه ما ته هیڅ گله نشته، زه د هغوی شکرگزار یمه، خو دا حکومت د هغوې دې، Instruction به هغه Issue کوی، لاندې بیوروکریسی کښې چې زمونږ کوم عزت دې، مونږ دا نه غواړو چې بیا چیرته کسان ځان سره راولو، څه کا اوکړؤ، زه بیا هم اپوزیشن ته مبارکباد ورکومه چې دا کوم رول دوئ ادا کړلو، دا دوئ د دې ټولو عزت بحال کړؤ، ډیره مهربانی، ډیره شکریه۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: رفعت اکبر سواتی صاحب!

محترمہ رفعت اکبر سواتی: Thank you, Mr. Honourable Speaker Sir میں آپ کی توجہ ایک ضروری اور اہم اس بات کی طرف دلانا چاہتی ہوں، ظفر اعظم صاحب دلاتے رہے، لیکن میں بات

ضرور کرونگی اور سراج الحق صاحب سے جب میں نے انگلی اٹھا کر کہا کہ ایک منٹ میں بھی لونگی تو وہ بھی بہت مسکرائے، میں کہہ تو نہیں سکتی، ہنستے ہیں، (قہقہہ) وہ ہنستے نہیں ہیں، مسکراتے زیادہ ہیں، بات یہ ہے جناب والا، کہ سب ہمارے یہاں اس august House میں ہمارے بھائی جو ہیں، بات کر رہے ہیں اپنے حلقے کے حوالے سے اور وزیر اعلیٰ کے Visit کے حوالے سے، بہت اچھی باتیں ہیں، Information ہونی چاہیئے، میں ابھی تک یہ بات نہیں سمجھ پارہی ہوں کہ جو Reserved seats پر خواتین آئی ہیں، جنکو Electoral college نے Elect کیا ہے اور جیسے پہلے بھی میں کہہ چکی ہوں، اگر ایک ممبر ایک لاکھ ووٹ لیتا ہے تو ہم ساڑھے چار ممبرز کے پیچھے ایک Reserve seat لیکر آتے ہیں تو یعنی ساڑھے چار لاکھ ووٹ ہیں ہمارے پاس پھر، لیکن ہماری حیثیت کیا ہے؟ یہ ہمیں بتائی جائے، ہمیں کیوں نہیں باقی Programming میں اور Functioning's میں Involve کیا جاتا ہے یا تو آپ بتا دیجیئے کہ ہم کوئی پرائیاں ہیں؟ باہر سے ہیں؟ ہم اس صوبے سے نہیں ہیں؟ ہمارا کوئی عمل دخل نہیں ہے؟ تو میں چاہتی ہوں کہ ہماری پوزیشن کو بڑے Clear words میں Please واضح کیجئے کہ Where do we stand as MPA on reserved seats کیونکہ یہ ہمارے لئے بڑا Problem بنتا جارہا ہے، آپ لوگ، تمام مرد حضرات ہر Functioning میں موجود ہوتے ہیں، آپ کو پورے System کا علم بھی ہے اور آپ اپنی Working بھی اسی حساب سے کر رہے ہیں تو ہمارا پھر Role تو بڑا Negative ہو جاتا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا بھی کوئی فعال رول ہو، ہمیں بھی پتہ چلے کہ ہمیں کیا کرنا ہے اور کہاں پر کیا Development ہو رہی ہے؟ تو Please consider us part of this whole sooba اور اس ضمن ہمیں تھوڑا سا یا تو آپ ہمارے لئے کوئی Parameter set کر دیں یا Identify کریں، ہمیں پتہ چلے، کیونکہ اس طرح ہم واقعی بڑی مشکل میں ہیں تو I would like some assistance on this. Thank you.

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> Excuse me, sir جناب سپیکر سر، آنریبل سپیکر صاحب، میں اسی سلسلے میں ایک بات کرنا چاہتی ہوں کہ جو قول و فعل کا تضاد ہو رہا ہے، آنریبل چیف منسٹر صاحب نے اسی فلور پر ہم سے کہا تھا کہ میرے لئے تمام ایم پی ایز برابر ہیں، لیکن صد افسوس کی بات کہ چیف منسٹر صاحب نے، جبکہ آٹھ مارچ کو خواتین کا عالمی دن تھا اور سات مارچ کو رات کو ایک ڈنر ہو رہا تھا، اس میں واضح طور پر یہ

Instruction's دی گئی تھیں کہ صرف مرد حضرات جو ہیں، جو ہمارے ایم پی ایز ہیں، وہ اس ڈنر میں شرکت کرینگے، جبکہ خواتین جو ہیں تو ہو اس ڈنر میں نہیں آئیں گی، ہمیں بتایا جائے کہ ہم کہاں پر Stand کرتے ہیں؟

ملک ظفر اعظم (وزیر قانون): پوائنٹ آف آرڈر، سر۔ یہ قول و فعل کے تضاد کا مطلب کچھ اور نکلتا ہے، کیا یہ بتا سکتی ہیں کہ کونسے قول و فعل کا وہاں پر تضاد ہوا ہے؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: Debates پر۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جناب سپیکر صاحب اور معزز اراکین اسمبلی، میں کل سے اپنے دوستوں سے یہی کہہ رہا تھا کہ جو ایجنڈا حزب اختلاف نے دیا ہے، وہ بہت ہی اہم ہے اور ہم خود ان موضوعات پر بات کرنا ضروری سمجھتے ہیں اور اس لئے مجھے افسوس ہے کہ کل کا بھی جو قیمتی وقت گزرا ہے ہم سے، یقیناً اسمبلی جو ہے یہ قبرستان نہیں ہے، یہاں حکومت بھی ہے، اپوزیشن بھی ہے، سوال بھی ہوتا ہے، جواب بھی ہوتا ہے، تنقید اور محاسبہ ہوتا ہے، اور یہی جو گلہائے رنگا رنگ سے ہے زینت چمن، اس چمن کی زینت بھی یہی چیز ہے، میں انتہائی اس بات پر مطمئن ہوں کہ اس وقت جو اپوزیشن ہماری حکومت کو ملی ہے اور جو پارٹی لیڈرز ہمیں جو ملے ہیں اپوزیشن کی جماعتوں میں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح اچھے لوگ، بااخلاق لوگ شاید ماضی کے حکمرانوں کو نہیں ملے ہونگے اور ہر لحاظ سے انہوں نے اب تک ہمارے ساتھ تعاون کیا ہے ہر اچھے ایشو پر اور میں مستقبل میں بھی اسی کی امید اور یقین رکھتا ہوں، میں ایک بنیادی بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حزب اقتدار اور حزب اختلاف کی خیر اسی میں ہے کہ صوبہ سرحد میں قانون کی حکمرانی رہے، میرٹ اور رولز کی حکمرانی رہے، گزشتہ دنوں جب صدر پاکستان تشریف لائے تھے تو ان کے سامنے بھی ہم نے یہی بات کہی کہ یہاں کسی فرد کا یا پارٹی کی حکومت نہیں ہے، بلکہ ہم چاہتے ہیں کہ قانون اور میرٹ کی حکومت ہو اور اسی بنیاد پر اگر ہمارے اپنے ایم ایم اے کا بھی کوئی ممبر بات اٹھاتا ہے یا اپوزیشن کا، ہم یکساں طور پر اس کا نوٹس لیتے ہیں اور کل بھی اگر اپوزیشن کے اراکین یکسوئی کے ساتھ اپنی بات لاتے تو عین ممکن ہے کہ خود ایم ایم اے کے اپنے ارکان ان کی آواز میں اپنی آواز ملا دیتے اور ان کا ساتھ

دیتے،اس لئے کہ بنیادی اصول بھی وتعاونو علی البر وتقویٰ ہے، لیکن میں اس پر شکریہ ادا کرتا ہوں جناب سپیکر صاحب کا،اور چیف منسٹر صاحب کا بھی اور اپنے تمام اپوزیشن کے لیڈرز کا بھی کہ انہوں نے بالآخر اپنے ایجنڈے پر آنے کا فیصلہ کیا ہے اور کل کا احتجاج جو انہوں نے کیا ہے، میں سمجھتا ہوں یہ ان کا حق ہے اور ہماری اسمبلی کے اس پانچ مہینوں میں ان کے احتجاج سے اس کے حسن میں اضافہ ہوا ہے، کوئی کمی نہیں آئی ہے اور ہم نے بھی بڑے تحمل اور صبر سے اس کو سنا ہے، ان کے مسائل کو بھی سنا ہے اور میں اب چاہونگا کہ ہم سنجیدگی کے ساتھ ایجنڈے کی طرف آجائیں اور کسی نے صحیح کہا ہے کہ:

گلوں میں رنگ بھرے، بادِ نوبہار چلے ؎
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

وآخِرُالدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: اب آپ کے سامنے Question's hour ہے تو۔۔۔۔

جناب آصف اقبال (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب! دا۔

جناب سپیکر: آصف اقبال صاحب۔

وزیر اطلاعات: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ابھی اجلاس کی کارروائی شروع ہوتے وقت ہمارے صحافی برادران نے احتجاجی طور پر واک آؤٹ کیا تھا ایوان سے اور وہ احتجاج کے طور پر باہر گئے تھے، میرے خیال میں ہمارے سٹاف کے کسی ممبر کی وجہ سے وہ باہر گئے تھے، ان کا جو Misbehavior تھا اس کی وجہ سے تو میں ان کو یقین دہانی کراتا ہوں کہ ان شاءاللہ آئندہ جتنے بھی ہمارے پریس سے متعلق حضرات ہیں ان کی Dignity کا پورا خیال رکھا جائے گا اور جو Culprits ہیں، ان شاءاللہ ان سے پوچھا جائے گا، اور ان شاء اللہ ان کو سزادی جائے گی اس کی، اس کے علاوہ ان کے کچھ تحفظات ہیں اور جو ان کی یونین کے یا ان کے جو ورکرز کے جو کچھ مسائل ہیں، انشاءاللہ میں یقین دہانی کراتا ہوں کہ اس اجلاس کے بعد ہم آپس میں مل بیٹھ کر اس کو Sort out کردینگے، شکریہ۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

Mr. Speaker: Item No. 2, Questions.

سوال نمبر 5 جناب خالد وقار ایڈوکیٹ صاحب سوال نمبر 5۔

* 5 _ جناب خالد وقار ایڈوکیٹ: کیا وزیر تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم میں ریٹائرڈ اساتذہ کو پنشن دینے میں دفتری اہلکار لیت ولعل سے کام لیتے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ یعقوب نامی پی ٹی سی مدرس گورنمنٹ پرائمری سکول دیہی پشاور سے 20 مئی 2002 کو ریٹائرڈ ہو چکا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس کو تاحال پنشن، جی پی فنڈ اور دیگر بقایاجات نہیں ملے؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ نے ابھی تک ان کے پنشن کے کاغذات بھی تیار نہیں کئے اور لیت ولعل سے کام لے رہے ہیں؛

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ استاد کو اپنے جملہ بقایاجات دینے اور اس سلسلے میں کوتاہی کے مرتکب ملازمین کے خلاف قانونی کارروائی کا ارادہ رکھتی ہے؟

مولانا فضل علی (وزیر تعلیم): (الف) نہیں ایسا ہرگز نہیں ہے، محکمہ تعلیم اپنا فرض منصبی سمجھتا ہے کہ جہاں تک ہو سکے ریٹائرڈ اساتذہ کے پنشن کے معاملات جلدی نمٹا دیئے جائیں۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) مدرس مذکور کو بروقت پنشن نہ ملنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ پنشن سے قبل ملازمت سے معطل تھے، ایک عدالتی فیصلے کی روشنی میں اس کو دوبارہ بحال کیا گیا، پنشن کے کاغذات مکمل کرنے سے پہلے اس کی ملازمت کو باقاعدہ بنانا ضروری تھا، بحالی کے بعد اس کے سکیل نمبر 12 ,11 اور 13 میں مووا ور کے کیس کو بھی نمٹانا تھا اور اس کے جملہ بقایاجات جو اس کی معطلی کی وجہ سے بروقت قانونی تقاضوں کی روشنی میں نہیں نمٹائے جا سکے تھے، پنشن کے کیس سے پہلے ان کا نمٹانا ضروری تھا اور یہ بھی مدرس مذکور کے حق میں ضروری تھا۔

(د) درست، لیکن بقایاجات کے بل پاس ہو جانے سے پہلے پنشن کے کاغذات نہیں بھیجے جا سکتے، کیونکہ سروس بک کے بغیر ایسا ناممکن ہوتا ہے۔

(ہ) پنشن بروقت نہ ملنے کی وجہ محکمہ کی کوتاہی نہیں، جملہ قانونی تقاضوں کے پورا ہونے سے پہلے کیس اے جی آفس بھیجا نہیں جاسکتا، ہماری پوری کوشش ہے کہ مدرس مذکور کے جملہ بقایاجات بشمول پنشن بروقت ادا ہوجائیں۔

<u>جناب خالد وقار ایڈوکیٹ</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه، سپیکر صاحب، دا زما سوال نمبر 5 دے ، خو زه د دې سوال د جواب نه مطمئن نه یم، په دیکښې زه ضمنی سوال کومه د وزیر صاحب نه چې د دې یعقوب ریټائرمنټ نوټیفکیشن کله شوې وو جی؟ دا ضمنی سوال په دې باندې کومه-----

<u>Mr. Speaker</u>: Minister for Education, Honourable Maulana Fazal Ali Sahib.

<u>جناب خالد وقار ایڈوکیٹ</u>: چې د دوئ د دې ریټائرمنټ نوټیفکیشن کله شوې وو؟

<u>وزیر تعلیم</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ دا د یعقوب نومې پی ټی سی استاد څومره مسئله وه، څومره حده پورې د دې چې کوم جواب راغلې دې مخکښې نه اسمبلی ته، نو دا پرون ماته د هغې مکمل جواب ملاؤ شو بل هغه د دې چې موجوده صورتحال دا دې چې "یعقوب نام پی ٹی سی مدرس گورنمنٹ پرائمری دیہہ بہادر کے پنشن کے تمام کاغذات محکمہ تعلیم نے مکمل کرکے محکمہ خزانہ والوں کو بھیج دیئے ہیں، پنشن کی ادائیگی اب محکمہ خزانہ کریگا، محکمہ کے پاس اب صرف مذکورہ استاد کے چھ مہینے کے Encashment کے بقایاجات باقی ہیں، جو ماہ جون 2003 میں ادا کردیئے جائیں گے،" د دوئ د پنشن مسئله وه، تر اوسه پورې ایسا ره وه، هغه خبره ئې ختمه شوه، خلاصه شوه بس۔

<u>جناب سپیکر</u>: زما په خیال عبدالاکبر خان صاحب هم په دې باره کښې سوال کړے دے نو-----

<u>وزیر تعلیم</u>: هم دا سې سوال یو دغه ده۔

<u>جناب پیر محمد خان</u>: سپیکر صاحب! زما ضمنی سوال دې پکښې۔

<u>جناب سپیکر</u>: زما-----

جناب پیر محمد خان: ضمنی سوال زما دا دې چې عدالتی، دوئ دلته کښې لیکلی دی چې "ایک عدالتی فیصلہ کی روشنی میں اس کو دوبارہ بحال کیا گیا ہے،" د دوئ نه دا تپوس کوم چې عدالتی فیصلے کی روشنی میں اس کو کب بحال کیا گیا ہے؟ دے کله بحال شوے دے اؤ بیا چې بحال شوے دے نو د هغې او د اوس په دیکښې څومره وخت اوشو، د دې جواب را کړی، بیا به ضمنی پرې زه یو دوه سوالونه نور اوکړم۔

جناب سپیکر: زما په خیال دا خو Fresh Question معلومیږی، د دې د پاره به نوټس ورکوئ۔

جناب خالد وقار ایڈوکیٹ: د دې پاره خو جی نوټس هم ورکړے دے او بله خبره دا ده جی-----

جناب پیر محمد خان: ما ضمنی سوال کړے دے، ضمنی سوال دې، ضمنی سوال دا دې چې دوئ اقرار کړے دے چې "ایک عدالتی فیصلے کی روشنی میں اس کو دوبارہ بحال کیا گیا" چې "بحال کیا گیا" نو مونږ ته د اوښائی چې کله بحال شوې دے؟ چې په ایوان کښې دا راشی چې دے بحال شوې دے، دومره وخت ئې اوشولو او د هغې باوجود ورته پنشن نه دې ملاؤ، زه دا معلومول غواړمه۔

جناب سپیکر: اصل خبره دا پنشن ده۔

وزیر تعلیم: اصل خبره د پنشن وه، مسئله ئې حل شوې ده، پنشن ورته ملاؤ دے۔

جناب عبدالاکبر خان: زما جی په دیکښې سوال دې۔

جناب سپیکر: جناب عبدالاکبر خان صاحب سوال نمبر 43۔

* 43 _ جناب عبدالاکبر خان: کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مغربی پاکستان سول سروس پنشن رولز کے قاعدہ 502 کے تحت محکمہ کے سربراہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ تمام ریٹائر ہونے والے ملازمین کے پنشن کے کاغذات ایک سال پہلے تیار کریگا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ رولز بمعہ رول (2)507 کے تحت سرکاری ملازم کو ریٹائرمنٹ سے پندرہ دن پہلے اس کی پنشن کی ادائیگی کا حکمنامہ ملنا ضروری ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ خزانہ نے اس سلسلے میں وقتاً فوقتاً تمام محکموں کو سرکلر لیٹرز جاری کئے ہیں کہ تمام کیسز قواعد کے مطابق بروقت تیار کئے جائیں اور غفلت کے مرتکب ڈی ڈی او کو سزا دینے کی تاکید بھی کی ہے؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ تعلیم کے پی ٹی سی استاد مسمی محمد یعقوب دیہہ بہادر 19 مئی کو ریٹائرڈ ہوئے ہیں؟

(ہ) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ استاد کو تاحال پنشن اور نہ دوسرے بقایاجات ادا کئے گئے ہیں؛

(و) اگر (الف) تا (ہ) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) تاحال مذکورہ استاد کو پنشن اور بقایاجات ادا نہ کرنے کی کیا وجوہات ہیں؛

